ساتھ ہی صحیح مخارج کے ساتھ حروف کو ادا کرنے کے قابل بن جاتا ہے۔ اس کے علاوہ خاص قرأت قرآن سے متعلق بعض خاص خاص قاعدے اور تنبیہات بھی ہیں جن کی رعایت ملحوظ نہ رکھنے سے بڑا گناہ ہوتا ہے اس کے ساتھ ہی علامات اوقاف اور ان کی مشقیں بھی ہیں اس میں شک نہیں کہ یہ قاعدہ قرآن خوانی کی ابتدائی تعلیم کے لئے بڑا مفید ہے۔ مکاتب کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

ہماری دنیا حصہ اول و دوم | از جناب افضل حسین صاحب ایم۔ اے۔ ایل۔ ٹی تقطیع خورد ضخامت حصہ اول ۹۶ صفحات قیمت ۹ ر ضخامت حصہ دوم ۱۲۸ صفحات قیمت ۱۲ ر کتابت و طباعت بہتر پتہ:۔ مکتبہ جماعت اسلامی ہند رام پور (یوپی)

جماعت اسلامی ہند نے مسلمان بچوں اور بچیوں کی ابتدائی تعلیم کے لئے اسکول کے مختلف مضامین پر خود اپنی کتابیں شائع کرنے کا جو مفید سلسلہ شروع کیا ہے یہ کتاب اسی سلسلہ کی کڑی ۳۱ و ۳۲ ہے جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب جغرافیہ پر ہے اب جغرافیہ کا فن بہت ترقی کر گیا ہے اور اس کی خشکی دور کر کے بچوں کے لئے ایسے افسانوی انداز میں پیش کیا جاتا ہے کہ بچے اس سے بہت جلد مانوس ہو جاتے ہیں اور کہانی ہی کہانی میں ان کو بہت سے جغرافیائی معلومات حاصل ہو جاتے ہیں چنانچہ جغرافیہ کے موجودہ ترقی یافتہ طریق تعلیم سے فائدہ اٹھا کر یہ دونوں حصے بھی اسی طریق پر مرتب کئے گئے ہیں اور کہانیوں میں مسلمان بچوں کی نفسیات اور ان کے خانگی و مذہبی ماحول کا لحاظ رکھا گیا ہے زبان صاف و سلیس اور عام فہم ہے ترتیب موزوں اور مناسب ہے یہ کتاب اس لائق ہے کہ اسلامی مکاتب ابتدائی جماعتوں میں جغرافیہ کی تعلیم کے لئے اس کو داخل نصاب کریں۔

رہنمائے قرآن

اسلام اور پیغمبر اسلام صلعم کے پیغام کی صداقت کو سمجھنے کے لئے اپنے رنگ کی یہ بالکل جدید کتاب ہے جو خاص طور پر غیر مسلم پڑھے لکھے اور انگریزی تعلیم یافتہ اصحاب کے لئے لکھی گئی ہے۔

جدید اڈیشن۔ قیمت ایک روپیہ۔